SET-4

Series AQ@QA/C

سوالنامہ کوڈ
Q.P. Code **5B**

رول نمبر
Roll No. | | | | | | | | |

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **9** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا سوالنامہ کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامے میں چھپے سوالات کی تعداد **19** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **9** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **19** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اردو ( کورس B )

# URDU (Course B)

وقت: ۲ گھنٹے

کل نمبر: ۴۰

*Time allowed : 2 hours* — *Maximum Marks : 40*

***Instructions*** :

*(i)* *This question paper contains 3 sections and total 19 questions.*

*(ii)* *Section A is based on Reading Comprehension.*

*(iii)* *Section B is based on Writing Skills and Functional Grammar.*

*(iv)* *Section C is based on Text-Book.*

*(v)* *Write answers according to the Specific Instructions.*

**ہدایات :**

(i) یہ سوال نامہ تین حصوں میں پوچھے گئے 19 سوالوں پر مشتمل ہے۔

(ii) 'حصہ۔الف' میں عبارت فہمی پر مبنی سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(iii) 'حصہ۔ب' میں انشا پردازی اور عملی قواعد سے متعلق سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(iv) 'حصہ۔ج' میں درسی کتاب کے اسباق سے متعلق سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(v) ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیے۔

## Section-A (10 Marks)

### حصہ۔الف (10 نمبر)

**1.** درج ذیل غیر درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ *5×1=5*

**(الف)**

حقیقی دولت وہ ہی ہے جس کو نہ تو زوال ہو اور نہ ہی کوئی اس کو چھین سکے۔ اس دولت کا نام ہے 'علم'۔ اس میں شبہ نہیں کہ علم دنیا کی سب سے بڑی دولت ہے۔ خوش نصیب ہے وہ جس کو یہ دولت نصیب ہے۔ یہ

آخری سانس تک انسان کے ساتھ رہتی ہے۔ کسی بڑے آدمی نے فرمایا کہ "جاہل مال و دولت پر ناز کریں ہمیں تو علم چاہیے۔ اس لیے کہ علم باقی رہنے والا ہے اور مال و دولت فنا ہونے والی چیز ہے"۔ علم کے بغیر انسان مردود ہے۔ علم سے سوچنے سمجھنے کی قوت میں اضافہ ہوتا ہے، عزت حاصل ہوتی ہے۔ علم کے بغیر تو انسان خدا کو بھی نہیں پہچان سکتا۔ اس لیے علم کو حاصل کرنے کے لیے ہمیں اپنی تمام تر قوتیں صرف کر دینی چاہئیں۔

(i) حقیقی دولت کی کیا خوبی ہے ؟

(ii) 'شبہ' کے کیا معنی ہیں ؟

(iii) بڑے آدمی نے کیا فرمایا؟

(iv) علم کے بغیر انسان کیسا ہے ؟

(v) علم حاصل کرنے کے کیا فائدے بتائے گئے ہیں ؟

**(ب)**

سورج ڈوبا ، ہوا اندھیرا
چڑیاں لینے لگیں بسیرا

دن کا غائب ہوا اُجالا
تاریکی نے پردہ ڈالا

جلنے لگے دِیے گھر گھر میں
گرجا ، مسجد اور مندِر میں

جنگل سے گھر آئے گوالے

ریوڑ اپنا اپنا سنبھالے

جا پہنچے مزدور گھروں میں

خوش خوش ہیں بیوی بچوں میں

(i) سورج ڈوبنے کے بعد کیا کیا ہوا؟

(ii) ''اُجالا'' کے معنی کیا ہیں؟

(iii) دیے کہاں کہاں جلنے لگے؟

(iv) گھر کون آئے؟

(v) مزدور کہاں خوش ہیں؟

**2.** درج ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ $5\times1=5$

**(الف)**

دوسری عالمی جنگ (1939-46) کے زمانے میں ایک نئے مواصلاتی نظام کی ضرورت شدّت سے محسوس کی گئی، ایک ایسا نظام جو بہت تیزی سے کام کر سکے۔ سائنس دانوں نے کمپیوٹر کے ذریعے اس نئے نظام کو کھوج نکالا۔ اسی کو ہم انٹرنٹ کہتے ہیں۔ انٹرنٹ کمپیوٹر نیٹ ورک کا ایک اہم حصّہ ہے۔ یہ دراصل الیکٹرانک سلسلوں کا ایک مجموعہ ہے جو تمام دنیا میں مواصلاتی رشتہ یا وحدت قائم کرتا ہے۔ ہم دنیا کے کسی

بھی حصّے میں ہوں، انٹرنٹ کے ذریعے کسی سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ رابطے کا یہ طریقہ ای۔ میل کہلاتا ہے۔ ای۔ میل انٹرنیٹ کی ایک ایسی خدمت ہے جس نے ٹیلی فون سے زیادہ تیز تر رابطے کا نہایت آسان طریقہ، بہت کم خرچ پر مہیّا کر دیا۔ چونکہ ای۔ میل کی سہولت اب موبائیل پر بھی دستیاب ہے لٰھذا تار بچھانے اور دیگر زمینی انتظامات کرنے کی ضرورت بھی باقی نہیں رہی ہے۔

(i) دوسری عالمی جنگ کتنے سال جاری رہی؟

(ii) کمپیوٹر کے ذریعے کیسا نظام کھو جا گیا؟

(iii) انٹرنٹ کسے کہتے ہیں؟

(iv) ای۔ میل کیسی خدمت ہے؟

(v) ای۔ میل کی سہولت کا موبائیل پر دستیاب ہونے سے کیا فائدہ ہوا؟

**(ب)**

جو میں بڑی نہیں تیری طرح کیا ہوا
نہیں ہے تو بھی آخر میری طرح چھوٹا

ہر ایک چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے
کوئی بڑا، کوئی چھوٹا یہ اس کی حکمت ہے

بڑا جہان میں تجھ کو بنا دیا اُس نے
مجھے درخت پہ چڑھنا سکھا دیا اُس نے

قدم اُٹھانے کی ذرا طاقت نہیں تجھ میں
نری بڑائی ہے، خوبی ہے اور کیا تجھ میں

(i) یہ شعری حصّہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(ii) اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(iii) ان اشعار میں کون بات کر رہا ہے؟

(iv) چھوٹا بڑا ہونا کس کی حکمت عملی ہے؟

(v) کس کام کی طاقت نہیں ہے؟

## Section-B (18 Marks)

## حصہ۔ب (18 نمبر)

**ہدایت** : سوال نمبر 3 سے سوال نمبر 6 تک چار سوالات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر سوال 2 نمبر کا ہے۔

**3.** درج ذیل میں سے صرف دو الفاظ کی جمع لکھیے۔ 2

(i) جنگل

(ii) وزیر

(iii) فوج

(iv) شکایت

**4.** ’مند‘ لاحقہ کے ساتھ دو الفاظ بنائیے۔ 2

**5.** درج ذیل میں صرف دو الفاظ کے مؤنث لکھیے۔ 2

(i) شیر

(ii) والد

(iii) گھوڑا

(iv) دوست

**6.** درج ذیل محاوروں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 2

(i) نیچا د کھانا

(ii) کھوپڑی میں نہ سمانا

(iii) بغلیں جھانکنا

**7.** اپنا سیکشن تبدیل کرانے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔ 4

یا

گرمیوں کی چھٹیوں میں دوست کو اپنے گھر بُلانے کے لیے خط لکھیے۔

5 **8.** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔

(i) میرا پسندیدہ کھیل

(ii) میرا اسکول

(iii) ہمارا ملک ہندوستان

(iv) اسکول کا سالانہ جلسہ

(v) تاریخی مقامات کی سیر

3 **9.** نظم ''اے شریف انسانو!'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

یا

مضمون ''نئی روشنی'' کا خلاصہ لکھیے۔

**Section-C** (12 Marks)

**حصہ۔ ج** (12 نمبر) *( 6×2=12 )*

**ہدایت** : درج ذیل میں سے صرف 6 سوالوں کے جواب لکھیے ۔

**10.** زمین سے بڑے آگ کے گولوں کے بارے میں بتایئے۔

**11.** موت کا ایک دن معیّن ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

اس شعر کا مطلب لکھیے۔

**12.** نابینا لوگ کس چیز کے ذریعے پڑھائی کرتے ہیں؟

**13.** رضیہ نے یاقوت کو کیا عہدہ دیا؟

**14.** کہانی '' کاٹھ کا گھوڑا'' میں بندو کا باپ کیا کام کرتا تھا؟

**15.** ساحر لدھیانوی کی نظم کا عنوان کیا ہے؟

**16.** سبق ''اونتی' کا کس زبان سے ترجمہ کیا گیا ہے؟

**17.** کرنل سے کس نے کارتوس مانگے؟

**18.** بشر نواز کا اصل نام لکھیے۔

**19.** جس لفظ سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو، اسے کیا کہتے ہیں۔